DAR-UL-IFTA
Jamia-Uloom-Islamiyyah
(University of Islamic Sciences)
Allama Muhammad Yousuf Banuri Town
Karachi- Pakistan.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دار الافتاء
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراچی ۵ پاکستان

Ref.

Date. ۷/۸/۱۴۴۱ھ
۱/۴/۲۰۲۰ء

گھروں وغیرہ میں جمعہ اور چند دیگر ضروری مسائل کے احکام

1۔ جب تک شہر، فنائے شہر یا بڑی بستی میں جمعہ کی نماز مسجد میں جاکر پڑھنا ممکن نہ ہو تو کم از کم چار بالغ مرد کسی جگہ یا گھر میں اکٹھے ہو کر جمعہ کی نماز پڑھیں، جس جگہ نماز ہو رہی ہو اس کا دروازہ کھلا رکھا جائے اور اگر کوئی نماز میں شریک ہونا چاہے تو اسے منع نہ کیا جائے۔

2۔ جمعہ کی نماز کا طریقہ یہ ہے کہ وقت داخل ہونے کے بعد پہلی اذان دی جائے، سنتیں ادا کرنے کے بعد جمعہ پڑھانے والا شخص منبر، کرسی یا کسی اونچی جگہ بیٹھے، کوئی شخص اس کے سامنے کھڑے ہو کر دوسری اذان کہے، اس کے بعد جمعہ پڑھانے والا پہلا خطبہ دے، خطبہ مکمل ہونے کے بعد تھوڑی دیر بیٹھے اور اس کے بعد دوسرا خطبہ کہے، خطبوں کے بعد اقامت کہہ کر نماز کھڑی کی جائے۔

3۔ اگر کوئی شخص شہر، فنائے شہر یا بڑی بستی میں جمعہ کی نماز نہ پڑھ سکا تو وہ جماعت کے بغیر اکیلے ظہر کی نماز پڑھے۔

4۔ اگر مسجد میں پنج وقتہ نماز باجماعت پڑھنا ممکن نہ ہو تو گھر میں جماعت کرائی جائے۔

5۔ جماعت کراتے وقت صف بندی کی ترتیب یہ ہے کہ:

- امام کے پیچھے ایک مرد یا ایک نابالغ بچہ ہو تو وہ امام کی دائیں جانب تھوڑا پیچھے کھڑا ہو۔
- اگر امام کے ساتھ دو یا دو سے زیادہ بالغ مرد یا نابالغ بچے ہوں تو وہ پیچھے صف میں کھڑے ہوں۔
- اگر امام کے ساتھ ایک خاتون ہو تو وہ پچھلی صف میں کھڑی ہو۔
- اگر امام کے ساتھ ایک مرد اور ایک خاتون ہو تو مرد امام کے دائیں طرف تھوڑا پیچھے کھڑا ہو اور خاتون پچھلی صف میں کھڑی ہو۔
- اگر امام کے ساتھ مرد اور خواتین ہوں تو پہلی صف میں مرد، ان کے پیچھے بچے اور سب سے آخر میں خواتین کھڑی ہوں۔

P.O.Box:3465 Karachi code No. 74800 Karachi, Pakistan. Phone: (0092-21)-34913570 - 34123366 - 34925352 - 34918314
Fax: (0092-21)-34919531 URL: www.banuri.edu.pk Email: darulifta@banuri.edu.pk

DAR-UL-IFTA
Jamia-Uloom-Islamiyyah
(University of Islamic Sciences)
Allama Muhammad Yousuf Banuri Town
Karachi- Pakistan.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دار الافتاء
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراچی ۵ پاکستان

Ref._____

Date. ۷/۸/۱۴۴۱ھ
۱/۴/۲۰۲۰ء

6۔ موجودہ حالات میں قنوت نازلہ پڑھنا جائز ہے، قنوت نازلہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا فِيْمَنْ هَدَيْتَ ، وَعَافِنَا فِيْمَنْ عَافَيْتَ ، وَتَوَلَّنَا فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا أَعْطَيْتَ، وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَيْتَ ، فَإِنَّكَ تَقْضِيْ وَلاَ يُقْضٰى عَلَيْكَ ، إِنَّهُ لاَ يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ وَ لاَ يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ، وَ أَصْلِحْهُمْ وَ أَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ، وَ اجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْإِيْمَانَ وَ الْحِكْمَةَ وَ ثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ، وَ أَوْزِعْهُمْ أَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ وَ أَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ، وَ انْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَ عَدُوِّهِمْ، إِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ، لَا إِلٰهَ غَيْرُكَ، أَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَ الْجُنُوْنِ وَ الْجُذَامِ وَ مِنْ سَيِّءِ الْأَسْقَامِ، أَللّٰهُمَّ ارْفَعْ عَنَّا الدَّاءَ وَ الْبَلَاءَ وَ الْوَبَاءَ، اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ ، وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ، وَ يُقَاتِلُوْنَ أَوْلِيَاءَكَ اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ، وَزَلْزِلْ أَقْدَامَهُمْ، وَأَنْزِلْ بِهِمْ بَأْسَكَ الَّذِيْ لاَ تَرُدُّهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ، وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهِ وَ صَحْبِهِ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ۔

7۔ موجودہ صورت حال میں وبا اور مصیبت کے خاتمے کے لیے قرآن کریم کی تلاوت، استغفار اور دعاؤں کا اہتمام کیا جائے، انفرادی طور پر نوافل پڑھے جائیں، مگر صلاۃ التوبہ یا کسی اور نام سے باجماعت نوافل کا اہتمام مکروہ تحریمی ہے۔

8۔ وبا کے خاتمے کے لیے اذان دینے کے بارے میں فقہائے احناف سے کوئی روایت منقول نہیں ہے، البتہ شوافع کے ہاں اس طرح کے بعض مواقع پر اذان دینے کی اجازت ہے، اس لیے وبا کے خاتمے کے لیے اذان دینے کی گنجائش ہے، تاہم یہ اذان مساجد میں نہ دی جائے۔ فقط واللہ اعلم

مفتی محمد انعام الحق قاسمی
۷/۸/۱۴۴۱ھ

مفتی محمد عبد القادر
۷/۸/۱۴۴۱ھ

مفتی شعیب عالم
۷/۸/۱۴۴۱ھ

دار الافتاء
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی ۵
پاکستان

P.O.Box:3465 Karachi code No. 74800 Karachi, Pakistan. Phone: (0092-21)-34913570 - 34123366 - 34925352 - 34918314
Fax: (0092-21)-34919531 URL: www.banuri.edu.pk Email: darulifta@banuri.edu.pk